ڈرائیور چارٹر

تمام فریقوں کا عزم

- پک اپ، ڈیلیوری اور ٹرانسپورٹ میں شامل تمام فریقوں کے مابین قابل احترام اور غیر متعصّبانہ مواصلات کو یقینی بنائیں۔
- محفوظ اور موثر طریقے سے کام کی منصوبہ بندی کریں اور عملدرامد کریں۔
- متعلقہ فریقوں کو پروگرام میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں بروقت اطلاع دیں، بشمول جلد آمد یا آمد میں تاخیر کے بارے میں۔
- رابطے کے لئے مخصوص اہلکار اور فون نمبر وغیرہ مختص کئے جائیں تاکہ فریقین ایک دوسرے کو کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر بروقت اطلاع دیں سکیں۔
- ٹرانسپورٹ آپریشن میں شامل تمام فریقین کے مابین باہمی اعتماد اور تعاون کو یقینی بنائیں۔
- COVID-19 وباء کے دوران اور اس کے بعد بھی ڈرائیوروں کی حفاظت کے لئے تمام حفظان صحت کے سامان اور سہولیات تک رسائی کو آسان اور یقینی بنائیں۔

مال بھیجنے والوں (shippers) کا عزم

- سائٹ یا ڈیلیوری کی جگہ پر ڈرائیوروں کو مناسب اور ضروری سہولیات جیسے بریک روم، کیفے ٹیریا وغیرہ جو کہ متعلقہ معیار پر پورا اترتے ہوں اور جگہ کی مناسبت سے برابر ہوں، مہیہ کئے جائیں۔ اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ایسی سہولیات ہر جگہ موجود ہوں اور استعمال کے قابل ہوں۔
- لوڈنگ اور انلوڈنگ کے کاموں کے لئے سائٹ پر مناسب تربیت یافتہ اہلکار فراہم کریں۔
- ڈرائیوروں کو محفوظ پارکنگ تک رسائی فراہم کریں (رات میں بھی، جہاں ممکن ہو) جو کہ بھاری سامان والی گاڑیوں کے لئے موزوں ہو۔
- سائٹ پر ڈرائیوروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے لائٹ وغیرہ کا مناسب انتظام کریں تاکہ جگہ اچھی طرح روشن ہو، پیدل چلنے والے اور ویٹنگ ایریا کے نشانات واضح ہوں اور ٹرکوں کو گھمانے کے لئے وافر جگہ موجود ہو۔
- نئی سائٹ کی تعمیر کے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ اوپر لکھی گئی تمام سہولیات مناسب طریقے سے موجود ہوں۔
- ڈیلیوری اور نقل و حمل کے کاموں کی مجموعی کارکردگی اور رفتار کو بذریعہ مندرجہ ذیل یقینی بنائیں۔

☆ سلاٹ مختص کریں تاکہ گیٹ پر رش نہ لگے نیز تاخیر کی صورت میں اطلاع دینے اور نیا سلاٹ مختص کرنے کو یقینی بنائیں۔

☆ ریمپ مینجمنٹ اور سلاٹ مختص کرنے کی منصوبہ بندی کرتے وقت ڈرائیونگ اور دیگر کام کی دشواریوں میں صرف ہونے والے وقت کو مدنظر رکھا جائے۔

☆ مناسب وقت میں درست کاغذی کاروائی فراہم کی جائے، لوڈنگ انلوڈنگ کے اوقات کو کم سے کم کیا جائے، اور ڈرائیوروں کے مجموعی کام کے اوقات میں ان باتوں کے انضمام کو آسان بنایا جائے۔

☆ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ڈرائیوروں کی مدد کے لئے اور ڈیلیوری کی کاروائی سرانجام دینے کے لئے ہر وقت اہلکار دستیاب ہوں (بشمول باقاعدہ لوڈنگ انلوڈنگ کے اوقات کار کے علاوہ)۔

☆ متعلقہ سہولیات کی خصوصیات اور کیمپ کے متعلق اپڈیٹس سمیت واضح ہدایات کی فراہمی کے ذریعے سائٹ پر محفوظ کاروائیوں کی ضمانت اور جہاں تک ممکن ہو آپریشن کی نگرانی کی جائے۔

☆ کسی بھی لوڈنگ اور انلوڈنگ آپریشن کے دوران اندرونی نقل وحرکت کو کم سے کم کرنے کے لئے ڈرائیونگ اور ریسٹ ٹائم قوانین، ورکنگ ٹائم اور ٹیکوگراف کے ضوابط کو تسلیم کیا جائے۔

ٹرانسپورٹ آپریٹر کا عزم

- ضروری اور مناسب گاڑیوں کی فراہمی کو یقینی بنائیں جو کہ ڈیلیوری کے مقصد کے لئے موزوں ہوں اور لوڈنگ انلوڈنگ کے معاہدے کے مطابق کام کو انجام دے سکیں۔
- ڈرائیوروں کو ضروری اور متعلقہ تربیت فراہم کریں اور ان کے لیئے مناسب قانونی معاہدے کے انتظامات کو یقینی بنائیں۔
- اگر معلومات پہلے سے دستیاب ہوں تو ڈرائیوروں کو ڈیلیوری سائٹ کے بارے میں ضروری اور واضح معلومات فراہم کریں۔
- ڈرائیوروں کو ٹرانسپورٹ آپریشن اور ڈیلیوری کی خصوصیات سے آگاہ کریں جن میں ان کے ڈرائیونگ اور کام کے اوقات پر ہونے والے ممکنہ اثرات (تاخیر وغیرہ) اور ریمپ کارکنوں کو ان کی ڈرائیونگ اور کام کو دوران ضروری وقفوں سے مطلع کریں۔

ڈرائیوروں کا عزم

- Shippers کی سہولیات کو احترام کے ساتھ استعمال کریں بشمول باتھ روم، بریک روم، کیفے ٹیریا وغیرہ۔
- حفاظتی اور دیگر ہدایات کا خیال رکھیں۔
- واقعات، جلد آمد یا تاخیر یا دیگر مسائل اور لوڈنگ انلوڈنگ آپریشن کی صورتحال سے مطلع کریں۔
- اپنے بقیہ ڈرائیونگ اور کام کے اوقات یا ضروری وقفوں کے بارے میں ریمپ اہلکار کو پیشگی اطلاع کریں۔